صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 13 اپریل 2004ء بمطابق 22 صفر 1425 ہجری صبح دس بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اَلرَّحْمٰنُ O عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ O خَلَقَ الْاِنْسَانَ O عَلَّمَهُ الْبَیَانَ O اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ O وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ یَسْجُدٰنِ O وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ O اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ O وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ۔

(ترجمہ): رحمن نے قرآن سکھایا۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا اور اسے بولنا سکھایا آفتاب اور ماہتاب مقررہ حساب سے ہیں اور ستارے اور خدمت دونوں سجدہ کرتے ہیں اسی نے آسمان کو بلند کیا اور اسی نے ترازو رکھی تاکہ تم تولنے میں تجاوز نہ کرو۔ انصاف کے ساتھ وزن کو ٹھیک رکھو اور تول میں کم نہ دو۔ وآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: جن معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں، بغرض منظوری ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ اسمائے گرامی ہیں: محترم فرح عاقل شاہ، ایم پی اے آج کے لئے، جناب آصف اقبال، وزیر اطلات آج کے لئے، جناب انور کمال، ایم پی اے آج کے لئے، جناب افتخار احمد خان جھگڑا، ایم پی اے آج کے لئے، جناب وجیہہ الزمان خان، ایم پی اے آج کے لئے، جناب محمد اسد خان، ایم پی اے آج کے لئے اور جناب امیر زادہ خان، ایم پی اے آج کے لئے:

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

<u>مولانا فضل علی (وزیر تعلیم)</u>: پوائنٹ آف آرڈر سر!

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>وزیر تعلیم</u>: کورم ته سپیکر صاحب، تاسو لږه توجه اوکړئ جی نه دے پوره۔

<u>جناب سپیکر</u>: دومنٹ کے لئے Bells بجائی جائیں تاکہ کورم پورا ہو سکے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹی بجائی گئی)

<u>جناب سپیکر</u>: معزز ممبر نے کورم کا جو مسئلہ اٹھایا ہے، یہ آئین اور قواعد کے مطابق بڑا اہم نکتہ ہے، لہذا میں سیکرٹری صاحب سے کہتا ہوں کہ اگر Required تعداد پوری نہ ہو تو پھر Rules اس پہ Clear ہیں،

One-fourth of the total strength of the Members.

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

<u>Mr. Speaker</u>: As reported by the Secretary, the quorum is still not completed. I will draw the kind attention of the House: 'Want of quorum':

"If, when the Assembly is sitting, notice is taken by a Member that the number of Members prescribed to form a quorum by clause (2) of Article 55 read with Article 127 of the Constitution is not present, the person presiding shall, unless he is satisfied that such number of Members as is required to form the quorum is present, direct the division bells to be sounded and at the expiration

of two minutes, shall count the Members present". As we have done this-----

(Interruption)

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 09:30 am tomorrow morning.

جناب عبدالاکبر خان: جناب آپ Bells تو Ring کر سکتے تھے پانچ منٹ کے لئے۔

جناب سپیکر: یہ سارا Procedure پہلے ہو گیا ہے۔

(اجلاس بروز بدھ مورخہ 14 اپریل 2004ء صبح ساڑھے نو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)